REFLECTIONS

نمونہ پرچہ جانچ برائے داخلہ

پرچہ : اردو جماعت : پنجم

نام :	تاریخ :
مقررہ وقت : ۳۰ منٹ	کل نشانات : ۲۰

سوال ا۔ عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (۱۰/)

مسلمان عیدالفطر کا تہوار بڑے جوش و خروش سے مناتے ہیں۔ رمضان کی آمد کے ساتھ ہی گھروں میں عید کی تیاریاں شروع ہو جاتی ہیں۔ بازاروں، مسجدوں اور محلّوں میں خوب رونق لگ جاتی ہے۔ سحر سے لے کر افطار تک لوگ عبادتوں میں مصروف رہتے ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ ثواب حاصل کر سکیں۔ عید کا چاند نظر آتے ہی ہر طرف ہلچل مچ جاتی ہے۔ عید کے دن لوگ صبح نہا دھو کر تیار ہو جاتے ہیں اور عید کی نماز پڑھنے عید گاہ چلے جاتے ہیں۔ عید کی نماز سے پہلے فطرانہ ادا کیا جاتا ہے تاکہ غریب بہن بھائیوں کو بھی عید کی خوشیوں میں شامل کیا جا سکے۔ بچوں کو اپنے بڑوں سے عیدی ملتی ہے۔ طرح طرح کے پکوان تیار کیے جاتے ہیں۔ اُس دن عید کی مُبارک باد دینے کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کو تحفے تحائف بھی دیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ دوستوں اور رشتے داروں سے ملنے کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔

ا۔ عیدالفطر سے پہلے کون سا مہینہ آتا ہے؟ (۲/)

____

____

۲۔ مسلمان عید کے دن کا آغاز کس طرح کرتے ہیں؟ (۲/)

____

____

Sample Paper

۳۔ فطرانہ ادا کرنے کی کیا وجہ ہوتی ہے؟ (/۲)

۴۔آپ اپنا عید کا دن کس طرح گُزارتے ہیں؟ (/۲)

۵۔ مسلمان عید الفطر کیوں مناتے ہیں؟ (/۲)

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل عنوان پر اشارات کی مدد سے (۱۵۰) الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔ (/۱۰)

" میری پسندیدہ شخصیت "

ا۔ کیا نام ہے؟ کیا پیشہ ہے؟

۲۔اُن کی کون سی بات آپ کو پسند نہیں؟

۳۔آپ کو کیوں پسند ہے؟

۴۔ کیا آپ اُن کی طرح بننا چاہیں گے؟ وجہ بیان کریں۔

Sample Paper

Sample Paper

حاصل کردہ نمبر		
مواد۔صورت حال میں رہتے ہوئے لکھنا	۵	
املا	۱.۵	
قواعد	۱.۵	
خوشخطی	۱	
خاکہ /رموز واوقاف	۱	
کل نمبر	۱۰	